36376 ـ کیا قربانی کاگوشت کفار کودینا جائز ہے ؟

سوال

کیا کافر کوقربانی کا گوشت دینا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ ابن عثیمین رحمہاللہ تعالی کہتے ہیں :

انسان کے لیے کافر پرقربانی کا گوشت ایک شرط کے ساتھ صدقہ کرنا جائز ہے کہ وہ کافر مسلمان کوقتل کرنےوالوں میں شامل نہ ہوتا ہو ، اوراگروہ کافر مسلمانوں کوقتل کرنے والوں میں شامل ہے تواسے کچھ بھی نہیں دیا جائے گا کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

(جن لوگوں نے تم سے دین کے بارہ میں لڑائي نہیں لڑی اورتمہیں جلاوطن نہیں کیا اس کے ساتھ اللہ تعالی تہمیں ان سے حسن سلوک اوراچھا برتاؤ اوران کے ساتھ انصاف کرنے سے نہیں روکتا بلکہ اللہ تعالی توانصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے (8)

بلکہ اللہ تعالی توتمہیں صرف ان لوگوں کی محبت سےروکتا ہے جنہوں نے تمہیں تم دین کے بارہ میں لڑائیاں لڑي اورتمہیں تمہارے گھروں سے دیس نکالا دیا اورتمہیں دیس نکالا دینے والوں کی مدد کی جولوگ ایسے کفار سے محبت کریں وہ ہی ظالم ہیں) الممتحنة (8 ـ 9) ۔ اھ .